★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
چیف ایڈیٹر
ڈیشان جمیل بھٹی
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
روزنامہ
وائس آف ایشیا
ایڈیٹر انچیف
تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | جمعۃ المبارک 23 اکتوبر 2026ء 09 کاتک، 11 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 227

وزیراعظم کا خیبر پختونخوا میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے 160 ارب روپے کا اعلان

آخری دہشتگرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، شہباز شریف

ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آپ کو صوبے کی پولیس، سیف سٹیز، سی ٹی ڈی کے لیے جو کچھ چاہیے وفاق دے گا، وزیراعظم شہباز شریف

وزیراعظم نے کہا کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ وزیراعظم نے شرکاء سے باقی صفحہ 3 بقیہ 18

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں، باجیت کرنی ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں، اپوزیشن

پارلیمانی تقاریر قوموں کی تاریخ محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہوتی ہیں، پارلیمنٹ میں جو باتیں ہمارا حق ہیں، ان کے لیے بھی ہمیں لڑنا پڑتا ہے، اسپیکر کا اختیار قوانین کی کتاب کے مطابق ہونا چاہیے، قومی اسمبلی میں بعض ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری ہوتے ہیں، بعض کے نہیں ہوتے

مذاکرات کا مذاق اڑانے والوں پر اب کون بھروسہ کرے گا، ہم نے سیاسی مذاکرات کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا تھا جبکہ ہماری سنجیدگی ہی تھی، جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملاقات کے لیے گئے تھے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (وائس آف ایشیا رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ حکومت اگر مذاکرات کیلئے سنجیدہ ہے تو وزیراعظم خود دعوت دیں ورنہ بات چیت کا مذاق اڑانے والوں پر بھروسہ نہیں کرسکتے، اپوزیشن رہنماؤں کی تقاریر پارلیمنٹ کی محفوظ تاریخ ہیں، میثاق جمہوریت اور دیگر معاہدے موجود ہیں، صورت حال پر پریس کانفرنس کی۔

جس میں گفتگو کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اپوزیشن رہنماؤں کی تقاریر پارلیمنٹ کی محفوظ تاریخ ہیں، میثاق جمہوریت اور دیگر معاہدے موجود ہیں، ہم نے سیاسی مذاکرات کے لیے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا مطالبہ کیا تھا جبکہ ہماری سنجیدگی ہی تھی جس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمان وزیراعظم سے ملاقات کے لیے گئے تھے، اپوزیشن لیڈر ان کے خلاف کیا کہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پارلیمانی تقاریر قوموں کی تاریخ محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہوتی ہیں، پارلیمنٹ میں جو باتیں ہمارا حق ہیں، ان کے لیے بھی ہمیں لڑنا پڑتا ہے، اسپیکر کا اختیار قوانین کی کتاب کے مطابق ہونا چاہیے، قومی اسمبلی میں بعض ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری ہوتے ہیں، بعض کے نہیں ہوتے، محمود خان اچکزئی نے کہا کہ میں کسی کی تقریر میں کوئی غلط بات نہیں کی، ہر جمہوری سازے چار منٹ کے باقی صفحہ 3 بقیہ 19

سعودی عرب کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ، دو افراد جاں بحق، 8 زخمی

حالیہ حملے کی نوعیت، ذمہ داروں اور اس کے محرکات کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آ سکیں



دو افراد جاں بحق آٹھ افراد زخمی ہوگئے۔ سعودی دمام (وائس آف ایشیا) سعودی عرب کے شہر دمام میں کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والے حملے میں باقی صفحہ 3 بقیہ 17

سائبر کرائم، غیر قانونی کال سنٹرز، نجی ائیر لائن کریک ڈاؤن، تیز غیر ملکیوں سمیت متعدد گرفتار، بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی، طلال چوہدری

شہریوں کی سہولت کیلئے لاہور زون میں ہفتے کے 3 روز کھلی کچہری، ایف آئی آر سے قبل انکوائری، متعلقہ کمیٹی کی منظوری کا مرحلہ مکمل کیا جاتا ہے

گرفتار ملزموں پر الزامات کی حتمی حیثیت کا تعین تفتیش، عدالتی فیصلوں کے بعد ہوگا، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور زون

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور زون کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل طارق محمود ہاشمی نے کہا ہے کہ سائبر جرائم، آن لائن مالی فراڈ، ہنی ٹریپنگ، بچوں کے آن لائن استحصال، حساس شناختی ڈیٹا کے غیر قانونی استعمال، غیر قانونی کال سنٹرز، نجی ائیر لائن کریک ڈاؤن سمیت دیگر ملک دشمن عناصر کی سرگرمیوں کو ڈیجیٹل ذرائع سے ٹریس، ہراساں یا بلیک میل کرنے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جا رہی ہے، لاہور زون میں اب تک 12 غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیوں میں 321 افراد گرفتار کیے گئے، 22 خواتین شامل ہیں، مالی فراڈ کے 5 مقدمات، 10 ملزمان گرفتار کیے گئے۔

ایجنسی کے ایڈیشنل ڈائریکٹر نے کہا کہ ہراساں کرنے والے 46 ہزار 240 ملزمان میں سے ایک کروڑ 92 لاکھ روپے، ایک لاکھ 20 ہزار ڈالر، 6 ہزار یورو، 2 ہزار برطانوی پاؤنڈ، 21 لاکھ روپے مالیت کے 12 موبائل فون، 191 سم کارڈز، 2 ریوالور، ایک ایئر پسٹل، ایک نیلہ شوٹر شامل ہے، کارروائیوں میں 362 موبائل فون، 191 کمپیوٹر/لیپ ٹاپ، 74 ایکسٹینشن باکس، 127 وائی فائی راؤٹرز، 550 سم کیسز میں سے 6 فرضی فرنچائز کمپنیاں بھی پکڑی گئیں، ملزمان کا آپس میں گٹھ جوڑ ہے، ملزمان کے ایڈیشنل ڈائریکٹر نے کہا کہ ہراساں کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائی کے لیے ایف آئی اے کی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، ملزمان کا آپس میں گٹھ جوڑ ہے،

ستاروں کی دنیا

واہگہ بارڈر پر ’اڑتا تیر‘ کی پروموشن: پاکستانیوں کا آیوشمان اور سارہ کو انوکھا جواب وائرل

لاہور(وائس آف ایشیا)بالی ووڈ اداکار آیوشمان کھرانہ اور سارہ علی خان کی واہگہ بارڈر آمد نے پاکستانی حدود میں معروف کھوکھر عاطف اسلم کی قوالی ’نایاب حرم‘ چلنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔دونوں اداکار اپنی فلم ’اڑتا تیر‘ کی پروموشن کے لیے اٹاری واہگہ بارڈر پہنچے تھے جہاں انہوں نے پریڈ ریہرسل کی تقریب میں شرکت کی۔اس دوران سینہ ٹھوک پاکستانی جانب سے لاؤڈ اسپیکرز پر عاطف اسلم کی مشہور قوالی ’نایاب حرم‘ چلائی گئی، جس کی آواز بھارتی اداکاروں کی تشہیری سرگرمی کے دوران سنائی دیتی رہی۔واقعے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد صارفین کی قوجہ کا مرکز بن گئیں۔واضح رہے کہ دونوں اداکاروں کی فلم ’اڑتا تیر‘ 23 اکتوبر کو سینما گھروں میں ریلیز ہونے والی ہے اور ریلیز سے قبل ہی پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئی ہے۔پاکستانی صارفین نے فلم کے مبینہ پاکستان مخالف موضوع پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے بالی ووڈ کو تنقید کا بھی نشانہ بنایا۔



خوبصورتی دیکھ کر کالج میں ڈرامے میں کام کی پیش کش ہوئی، نوشین شاہ

پروڈکشن ٹیم نے کاسٹ کی پرسنل کو مجھے بلانے کا کہا اور پھر ڈرامے میں کام کی پیش کش کی،میں نے سوچے سمجھے بغیر ہاں کردی




کراچی (وائس آف ایشیا)ماڈل و اداکارہ نوشین شاہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں کالج میں پڑھائی کے دوران خوبصورت دیکھ کر ڈرامے میں کام کی پیش کش ہوئی اور انہوں نے گھر والوں کو بتائے بغیر ہی ڈرامے میں کام کرلیا تھا۔نوشین شاہ نے حال ہی میں میزبانی کی دی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر گفتگو کی۔پروگرام کے دوران انہوں نے بتایا کہ ان کے والدین کا تعلق صوبہ خیبر پختونخوا سے ہے لیکن ان کی پیدائش سندھ کے شہر کراچی میں ہوئی اور ان کی پرورش بھی وہیں ہوئی۔ان کے مطابق ان کے والد ٹرانسپورٹر ہیں لیکن انہوں نے اس سمیت تمام بچوں کو اپنی مرضی کا کام کرنے کی اجازت دی۔نوشین شاہ کا کہنا تھا کہ جب وہ کالج میں گیارہویں جماعت کی طالبہ تھیں، تب وہاں ڈرامے میں کام کے لیے پروڈکشن ٹیم والے نے پیسے متعلق کردار آئے تھے، جن کی نظر ان پر پڑی۔انہوں نے بتایا کہ پروڈکشن ٹیم نے کالج کی پرنسپل کو مجھے بلانے کا کہا اور پھر انہیں پرنسپل کے دفتر میں بلا کر ڈرامے میں کام کی پیش کش ہوئی اور انہوں نے سوچے سمجھے بغیر ہاں کردی۔ان کے مطابق ڈرامے کی ٹیم نے انہیں کہا کہ وہ پہلے اپنے گھر والوں سے اجازت لیں، اس کے بعد وہ انہیں بتائیں، کام کرنے کے لیے انہیں پیسے بھی دیے جائیں گے۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے ڈرامے کی ٹیم کو کہا کہ والدین کی اجازت کے بغیر وہ کام نہیں کریں گی۔نوشین شاہ نے کہا کہ انہوں نے والدین سے بات کرکے کئی جتن کیے، تب کہیں جا کر انہیں ڈرامے میں کام کرنے کی اجازت ملی۔ان کے مطابق ڈرامے کی ٹیم نے انہیں کہا تھا کہ والد ان کی اداکاری سے بدظن ہوں گے لیکن انہوں نے ان کے والد کو ڈرامے کی ٹیم کے ساتھ بٹھا کر ڈرامے کی کہانی سنائی اور اگلے کام کرنے کے مشورے دیے۔اداکارہ کے مطابق انہوں نے ڈرامے میں کام کیا تھا اور جب سے انہوں نے دیکھ کر انہیں ڈرامے میں کام کی پیش کش ہوئی ہے تب سے اب تک بہت سے لوگ انہیں ڈرامے اور فلم میں کام کرنے کی پیش کش کرچکے ہیں، لیکن انہوں نے ابھی تک کسی کو ہاں نہیں کی ہے۔

نامور شاعر قمر جلالوی کی 58 ویں برسی کل منائی جائیگی

قمر جلالوی کے کلام کے مجموعے اوج قمر، رشک قمر، غم جاوداں اور عقیدت جاوداں کے نام سے اشاعت پذیر ہوئے

لاہور(وائس آف ایشیا) ار دو کے نامور غزل گو ،مرثیہ گو اور منقبت نگار شاعر قمر جلالوی کی 58 ویں برسی24- اکتوبر کو منائی جائیگی وہ 19 اگست 1887میں قصبہ جلالی ضلع علی گڑھ میں پیدا ہوئے ان کا اصل نام محمد حسین عادی تھا شاعر قمر جلالوی کے کلام کے مجموعے اوج قمر، رشک قمر، غم جاوداں اور عقیدت جاوداں کے نام سے اشاعت پذیر ہوئے قمر جلالوی24 اکتوبر1968 کو وفات پاگئے تھے۔



چاکلیٹی ہیرو وحید مراد کی 43 ویں برسی 23نومبر کومنائی جائے گی

وحید مراد نے’’ اولاد‘‘ سے لے کر’’ زلزلہ‘‘ تک کل 125 فلموں میں کام کیا اور ان کا ہر کردار جاندار رہا

لاہور(وائس آف ایشیا) ستاد اظہار اور لائف جائم اینڈ ایکٹنگ اپوارڈ پانے والے اور اپنے جاسم کراچی سے انگلش ادب میں ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ان کی شادی سلمیٰ بیگم سے 17 ستمبر 1964 میں ہوئی۔ وحید مراد کو پاکستان کی پہلی پاپ میوزیکل فلم ’’ارمان‘‘ کا فلم ساز، مصنف اور ہیرو ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ یہ ایس پی آئی مطابق وحید مراد نے’’ اولاد‘‘ سے لے کر’’ زلزلہ‘‘ تک کل 125 فلموں میں کام کیا اور ان کا ہر کردار جاندار رہا۔ ’’ آنکھ نہ جانا‘‘ اور دیگر گانوں نے لازوال شہرت دی۔ ان کی پہلی فلم ’’اولاد‘‘ اور آخری ریلیز شدہ فلم ’’زلزلہ‘‘ ہے۔انہوں نے ایک پشتو فلم ’’پختون یو وایت کے‘‘ میں بھی کام کیا۔ یہ اداکار آصف خان کی ذاتی فلم ’’کالا دھندا گورے لوگ‘‘ کا پشتو ورژن تھا۔ وہ ایک وقت فلم ایکٹر فلم پروڈیوسر اور ایکسپورٹر رائٹر بھی تھے۔ وحید مراد کی بہترین فلموں میں ’’ دل میرا دھڑکن تیری ہیرا اور پتھر‘‘ ارمان عندلیب‘ متوالہ ‘انسانیت دیوتا بھابھی‘‘ اور دیگر ہیں۔ وحید مراد 23 نومبر 1983ء کو 45 سال کی عمر میں خالق حقیقی سے جا ملے۔



ایچ ایس وائے کا موبائل فون اور ذاتی اکاؤنٹس ہیک، مداحوں کو خبردار کر دیا

ایچ ایس وائی نے مشکوک لنکس اور فائلیں کھولنے سے بھی گریز کرنے کی ہدایت کی

لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستان کے معروف فیشن ڈیزائنر حسن شہریار یاسین (ایچ ایس وائے) نے اپنا موبائل فون اور ذاتی اکاؤنٹس ہیک ہونے کا انکشاف کرتے ہوئے مداحوں کو خبردار کر دیا۔ایچ ایس وائے نے انسٹاگرام پر جاری بیان میں بتایا کہ 20 اکتوبر کو ان کا موبائل فون، واٹس ایپ، ای میل اور بائبل لیمرز کی فیوسٹ بینکرز کی رسائی میں آگئی تھی۔فیشن ڈیزائنر کے مطابق انہیں معلوم نہیں کہ ان کے اکاؤنٹس سے کتنے پیغامات بھیجے گئے، تاہم سیکڑوں افراد کو ان کی جانب سے پیغامات موصول ہوئے ہیں۔انہوں نے دوستوں، مداحوں اور جاننے والوں کو خبردار کیا کہ ان کے نام سے موصول ہونے والے مشکوک پیغامات کا جواب نہ دیں اور نہ ہی کسی کو رقم یا ذاتی معلومات فراہم کریں۔ایچ ایس وائی نے مشکوک لنکس اور فائلیں کھولنے سے بھی گریز کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے اپنی تحریر سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وہ بالکل ٹھیک ہیں اور متاثرہ اکاؤنٹس کو محفوظ بنانے کی کوشش جاری ہے۔



’رُشیکا ایک سال تک شادی کے لیے مناتی رہی‘، وجے دیوراکونڈا کا انکشاف

یہ بیان سامنے آتے ہی سوشل میڈیا صارفین نے اداکار کو تنقید کا نشانہ بنانا شروع کر دیا


کمسٹی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ اداکارہ رشمیکا مندانا کے شوہر اور معروف اداکار وجے دیوراکونڈا کو شادی کے حوالے بیان دینے پر سوشل میڈیا صارفین کی شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔حال ہی میں معروف شو ’کافی وِد کرن 9‘ کے سٹ اپ میں سوڈ کا ٹریلر سامنے آیا، جس میں وجے دیوراکونڈا اور رشمیکا مندانا نے اپنی ازدواجی زندگی کے متعلق دلچسپ انکشافات کیے۔شو کے دوران میزبان کرن جوہر نے سوال کیا کہ شادی کی پیشکش پہلے کس نے کی تھی؟ جس پر وجے دیوراکونڈا نے انکشاف کیا کہ رشمیکا نے انہیں تقریباً 100 مرتبہ شادی کے لیے کہا تھا، جبکہ اداکارہ نے اعتراف کیا کہ وہ ایک سال تک شادی کی بات کرتی رہی تھیں۔یہ بیان سامنے آتے ہی سوشل میڈیا صارفین نے اداکار کو تنقید کا نشانہ بنانا شروع کر دیا۔ایک صارف نے لکھا کہ وجے نے سب کے سامنے اپنی اہلیہ کو شرمندہ کر دیا، جبکہ دوسرے نے سوال اٹھایا کہ کیا شادی کے لیے بار بار کہنا کوئی ظرّی کی بات ہے؟واضح رہے کہ دونوں اداکار رواں سال فروری میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے تھے۔



ایتابھ بچن کی طبیعت ناساز، ڈاکٹروں نے آرام کا مشورہ دے دیا

رواں ماہ ایتابھ بچن نے اپنے مشہور ٹی وی شو ’کون بنے گا کروڑ پتی‘ کے دوران گھٹنے پر چوٹ لگنے کا بھی انکشاف کیا تھا

سینئر اداکار ایتابھ بچن نے اپنی صحت سے متعلق اہم اپ ڈیٹ دیتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ انہیں چند روز آرام کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 84 سالہ اداکار نے جاتی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر مداحوں کے لیے پیغام جاری کرتے ہوئے معذرت کی کہ وہ بلاگ روز تک اپنے خیالات قلمبند نہیں کر سکیں گے۔ایتابھ بچن نے لکھا کہ وہ معافی چاہتے ہیں کیونکہ انہیں صحت یابی کے لیے چند دن آرام کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔واضح رہے کہ رواں ماہ ایتابھ بچن نے اپنے مشہور ٹی وی شو ’کون بنے گا کروڑ پتی‘ کے دوران گھٹنے پر چوٹ لگنے کا انکشاف کیا تھا۔اداکار کے مطابق شو کی شوٹنگ کے دوران وہ پھسل کر گر گئے تھے، جس سے ان کا بایاں گھٹنا زخمی ہو گیا تھا۔ تاہم انہوں نے اس وقت مداحوں کو یقین دلایا تھا کہ چوٹ زیادہ سنگین نہیں ہے۔اداکار نے اپنی حالیہ پوسٹ میں آرام کی ہدایت پر عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی تھی۔



عماد وسیم بچوں سے نہیں ملتے، میں اکیلی پرورش کر رہی ہوں،ثانیہ اشفاق

عماد وسیم نے آخری بار نومبر 2025ء میں بچوں سے ملاقات کی تھی، جب اپنے نومولود بیٹے زیان سے ملنے آئے تھے،گلٹکشف

صرف جناب جواد دیے ہے۔عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ نے کہا کہ میں اپنی زندگی میں آگے بڑھ چکی ہوں اور اپنے بچوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کر سکتی ہوں۔واضح رہے کہ ثانیہ اشفاق گزشتہ کچھ عرصے سے اپنی ذاتی زندگی اور سابق شوہر سے طلاق کے حوالے سے سوشل میڈیا پر خاصی متحرک ہیں۔وہ اپنی پوسٹس اور ویڈیوز کے ذریعے ازدواجی زندگی سے متعلق تجربات بھی شیئر کرتی رہی ہیں۔



سلیکون ویلی اسکواش ٹورنامنٹ، نور زمان نے دفاعی چیمپئن کو شکست دیدی

واشنگٹن (وائس آف ایشیا)پاکستان کے اسکواش پلیئر نور زمان نے دفاعی چیمپئن اور ورلڈ نمبر 4 مصر کے کریم گواد کو شکست دیدی۔امریکا میں جاری سلیکون ویلی ایس اے کوئلہ سلیکون ویلی اسکواش ٹورنامنٹ میں نور زمان کی کامیابی کو ایونٹ کا بڑا اپ سیٹ قرار دیا جا رہا ہے۔نور زمان نے 52 منٹ تک جاری رہنے والا میچ 3-1 سے اپنے نام کیا۔پاکستان کے شاہسب عرفان کو مصر کے محمد الشوربجی نے 3-0 سے شکست دے دی۔پی ایس اے کوئلہ سلیکون ویلی اوپن کی مجموعی انعامی رقم 1 لاکھ 43 ہزار 500 ڈالرز ہے۔



بین اسٹوکس نے ایشز سیریز کے لیے ٹیم میں ممکنہ واپسی سے متعلق خبروں کو مسترد کردیا



ویلنگٹن(وائس آف ایشیا)نیوزی لینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے انگلینڈ کے ساتھی کرکٹر بین اسٹوکس کے متعلق خبروں کو مسترد کرتے ہوئے انہیں گمراہ کن قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انگلینڈ کے ساتھی کرکٹر نے کہا کہ اس خبر کی سرخی مکمل طور پر گمراہ کن ہے اور انٹرنیشنل میچز میں واپسی سے متعلق دعوے میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ بین اسٹوکس نے جون 2026 میں بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔ ان کا آخری بین الاقوامی میچ نیوزی لینڈ کے خلاف ٹرینٹ برج میں کھیلا گیا ٹیسٹ تھا۔35 سالہ آل راؤنڈر 2019 کے ایشز سیریز میں یادگار اننگز کھیلنے کے بعد ٹیسٹ کے دوران تاحال فرنچائز 135 رنز کی اننگز کھیل کر انگلینڈ کو جارحانہ فتح دلانے کے باعث شہرت رکھتے ہیں۔انہوں نے اسی سال انگلینڈ کی ورلڈ کپ جیت میں بھی اہم کردار ادا کیا تھا۔آئندہ ایشز سیریز نومبر 2027 میں انگلینڈ میں شیڈول ہے جبکہ اسکواش کے تازہ بیان نے ان کی واپسی کی قیاس آرائیوں کو ختم کردیا ہے۔

دوسرا ٹیسٹ، جینسن اور رہادا کی تباہ کن بولنگ، آسٹریلیا کو اننگز کی شکست کا خطرہ

اسٹیو اسمتھ کرون کی تکلیف کے باعث دوسری اننگز میں اپنے معمول کے چوتھے نمبر پر بیٹنگ کے لیے نہیں آئے

سڈنی (وائس آف ایشیا)جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں شاندار بولنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے میزبان ٹیم کو پہلی اننگز میں محض 99 رنز پر آؤٹ کرکے فالو آن پر مجبور کردیا۔اس کارکردگی نے جنوبی افریقہ کو 2-0 سے ٹیسٹ سیریز اپنے نام کرنے کے قریب پہنچا دیا ہے۔سینچورین میں کھیلے جانے والے میچ کی پہلی اننگز میں آسٹریلیا کی ٹیم 326 رنز کی برتری دلانے کے باوجود 164 رنز پر آؤٹ ہوگئی تھی۔ کارگو کی تکلیف کے باعث دوسری اننگز میں اپنے معمول کے چوتھے نمبر پر بیٹنگ کے لیے نہیں آئے۔جنوبی افریقہ کی جانب سے پہلی اننگ میں پانچ وکٹیں حاصل کرنیوالے سیمون ہارمر نے اس بار بھی اہم کامیابیاں حاصل کیں۔ہارمر نے دوسری اننگز میں کپتان ٹیمبا باووما سمیت 5 وکٹیں حاصل کیں جبکہ کیشو مہاراج نے 3 وکٹیں لیکر ان کا ساتھ دیا۔ آسٹریلیا کی پہلی اننگز میں 326 رنز کے جواب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم 164 رنز پر ڈھیر ہوگئی تھی۔ کپتان ٹیمبا باووما نے 36 رنز بنائے جبکہ ٹونی ڈی زورزی نے 28، ٹریوس ہیڈ اور ماٹس لبوشین 14، 14، اوپنر ایڈن مارکرم 13، میٹ رینشا 12 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔پیٹ کمنز 7، اسٹارک بولینڈ 2، مچل اسٹارک ایک وکٹ لے سکے جبکہ میڈیسن اور ایشس کیری بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹ گئے۔ آسٹریلیا کی دوسری اننگز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 156 رنز بنالیے ہیں جو ہم اسے اننگز کی شکست سے بچنے کے لیے اب بھی 170 رنز دور ہیں۔ کریز پر موجود ہیں۔اسٹیو اسمتھ کرون کی جگہ اے ایل رائے کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔



13ویں شوبو اپون جے کے اے لاہور کراٹے چیمپئن شپ اختتام پذیر، 1 0 0 سے زائد بچوں کی شرکت

لاہور(وائس آف ایشیا)13ویں شوبو اپون جے کے اے لاہور کراٹے چیمپئن شپ اختتام پذیر ہو گئی، ایک روزہ ایونٹ میں ایک سو سے زائد بچے اور بچیوں نے جوہر دکھائے۔لاہور کے مقامی کلب میں ہونے والی چیمپئن شپ میں ایک سو سے زائد بچے اور بچیوں نے حصہ لیا۔ کراٹے کا ایونٹ دو حصوں میں تقسیم تھا جس میں کاتا اور کومائتے شامل تھے۔ ایونٹ کا آغاز قومی ترانے سے ہوا۔ بعد ازاں مہمان خصوصی ماسٹر آرٹس کے اشفاق اور ان کے ساتھ آئے ہوئے مہمانوں نے کراٹے کے فروغ، نوجوان نسل کی تربیت، ماسٹر آرٹس کے انتظام اور ان کی جدوجہد کو سراہا۔ انعامات کی تقسیم کے موقع پر ٹرافیوں اور میڈلز سے نوازا گیا۔ ایونٹ کے بعد ماسٹر آرٹس کے کیڈٹس نے کراٹے کے مختلف انداز میں مظاہرہ کیا۔ ماسٹر آرٹس کے کیڈٹس نے کراٹے کے مختلف انداز میں مظاہرہ کیا۔ ماسٹر آرٹس کے کیڈٹس نے کراٹے کے مختلف انداز میں مظاہرہ کیا۔



مسلمان فاسٹ بولر محمد شامی بھارتی ٹیم میں کم بیک کے لیے پُرامید

مکمل فٹ ہوں اور اب بھی اپنی بہترین صلاحیتوں کے ساتھ کھیلنے کے لیے تیار ہوں: محمد شامی

نئی دہلی (وائس آف ایشیا)بھارتی فاسٹ بولر محمد شامی نے چوٹی لینڈ کے آئندہ دورے کے لیے ٹیم میں منتخب نہ ہونے کے باوجود انٹرنیشنل کرکٹ میں واپسی کی امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ مکمل فٹ ہیں، اچھی رڈھم میں بولنگ کر رہے ہیں اور اب بھی اپنی بہترین صلاحیتوں کے ساتھ کھیلنے کے لیے تیار ہیں۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے ہفتے کے روز ٹیم کے اعلان کے بعد کہا تھا کہ محمد شامی کے بارے میں ہم نے کوئی بات نہیں کی، وہ فٹ ہیں، ہم نے ان سے کہا ہے کہ وہ اپنی بولنگ پر کام کرتے رہیں، ہم ان کی نگرانی کر رہے ہیں۔ محمد شامی نے اس بیان کے بعد کہا تھا کہ وہ اپنی بولنگ پر کام کر رہے ہیں اور ان کی فٹنس بہتر ہو رہی ہے۔ شامی کا کہنا تھا کہ وہ امید کریں گے کہ انہیں ٹیم کی نمائندگی کی کوئی اور موقع ملے۔ شامی کا کہنا تھا کہ وہ امید کریں چھوڑیں۔ امید ہمیشہ برقرار رہنی چاہیے۔ کسی بھی شعبے میں انسان کو امید نہیں چھوڑنی چاہیے بلکہ ہمیشہ ایک ہدف سامنے رکھنا چاہیے۔ اگر وہ اپنی ذاتی فٹنس پر کام کرتے رہیں گے تو انہیں یقین ہے کہ وہ ایک بار پھر ٹیم میں واپسی کریں گے۔ شامی نے کہا کہ انہیں ٹیم کے ساتھ سفر کرنے اور ٹیم کے ساتھ رہنے میں بہت مزہ آتا ہے، وہ ٹیم کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اور ٹیم کے ساتھ سفر کرنا چاہتے ہیں، وہ ٹیم کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اور ٹیم کے ساتھ سفر کرنا چاہتے ہیں۔ شامی کا کہنا تھا کہ وہ ٹیم کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں اور ٹیم کے ساتھ سفر کرنا چاہتے ہیں۔ محمد شامی نے بھارت کی جانب سے اب تک سب سے زیادہ ٹیسٹ میچز کھیلنے والے بھارتی فاسٹ بولر ظہیر خان کی جانب سے ملنے والی حمایت کا بھی شکریہ ادا کیا۔ ظہیر خان نے کہا تھا کہ محمد شامی کو ٹیم میں واپس آنا چاہیے۔ ظہیر خان نے کہا تھا کہ محمد شامی کو ٹیم میں واپس آنا چاہیے۔ ظہیر خان نے کہا تھا کہ محمد شامی کو ٹیم میں واپس آنا چاہیے۔



افسوس جس ملک میں اسکواش کا راج ہوا کرتا تھا، آج عالمی سطح پر بہت پیچھے ہیں،جہانگیر خان

آج عالمی درجہ بندی کے ابتدائی 25 کھلاڑیوں میں افسوس کوئی پاکستانی کھلاڑی موجود نہیں ہے،خطاب

کراچی(وائس آف ایشیا) پاکستان کے اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان نے کہا ہے پاکستان اسکواش فیڈریشن کو کھیل کو بہتر بنانے اور ملک کا شاندار ماضی واپس لانے کے لیے بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔یہ بین الاقوامی اسکواش ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے 6 بار ورلڈ اوپن، 10 بریٹش اوپن جیتنے والے پاکستان کے عظیم کھلاڑی جہانگیر خان نے کہا کہ آج عالمی درجہ بندی کے ابتدائی 25 کھلاڑیوں میں افسوس کوئی پاکستانی کھلاڑی موجود نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ جس ملک میں اسکواش کا راج ہوا کرتا تھا، آج اس ملک میں اسکواش پر راج کرنے والے کھلاڑی عالمی سطح پر بہت پیچھے ہیں۔ پھٹ جہانگیر خان نے کہا کہ پاکستان میں اسکواش کا ٹیلنٹ بھی موجود ہے اور اسکواش کے بین الاقوامی ٹورنامنٹ بھی نہیں ہوسکتے،پاکستان میں اسکواش کی ایک تاریخ ہے، ہمارے پاس عظیم کھلاڑیوں سے مشورے لینے کا کوئی باقاعدہ طریقہ کار نہیں ہے کہ ان مشکلات میں بھی اسکواش میں اپنا سفر آرہے ہیں، بڑی کھلاڑیوں کو آگے آنا بہت ضروری ہے۔ جہانگیر خان نے کہا کہ پاکستان اسکواش فیڈریشن کو چاہیے کہ انڈیجنس کھلاڑیوں کو آگے لائے، فرنچائز بنائے اور پاکستان اسکواش کے اس کھیل کو کیسے آگے لے جانا ہے بہتر راستے فراہم کرے۔انہوں نے کہا کہ ہم عالمی سطح پر صرف ایک فورمنٹ چیف آف ایئر اسٹاف کی میموریل ٹرافی کھیلتے ہیں۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ معلومات کو دیکھے، لیکن افسوس وہاں صرف دو لوگ بیٹھے ہیں، جو ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ اس طرح پاکستان اسکواش فیڈریشن آگے نہیں بڑھ سکتی، پھٹ جہانگیر خان نے کہا کہ پاکستان اسکواش فیڈریشن میں انتساب کا عمل ضروری ہے، صرف کوچز تیار کرنے سے معاملات بہتر نہیں ہوسکتے،پاکستان میں اسکواش کی ایک تاریخ ہے، ہمارے پاس عظیم کھلاڑیوں سے مشورے لینے کا کوئی باقاعدہ طریقہ کار نہیں ہے کہ ان مشکلات میں بھی اسکواش میں اپنا سفر آرہے ہیں، بڑی کھلاڑیوں کو آگے آنا بہت ضروری ہے۔ جہانگیر خان نے کہا کہ پاکستان اسکواش فیڈریشن کو چاہیے کہ انڈیجنس کھلاڑیوں کو آگے لائے، فرنچائز بنائے اور پاکستان اسکواش کے اس کھیل کو کیسے آگے لے جانا ہے بہتر راستے فراہم کرے۔انہوں نے کہا کہ ہم عالمی سطح پر صرف ایک فورمنٹ چیف آف ایئر اسٹاف کی میموریل ٹرافی کھیلتے ہیں۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کی ذمہ داری ہے کہ وہ معلومات کو دیکھے، لیکن افسوس وہاں صرف دو لوگ بیٹھے ہیں، جو ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ اس طرح پاکستان اسکواش فیڈریشن آگے نہیں بڑھ سکتی، پھٹ جہانگیر خان نے کہا کہ پاکستان اسکواش فیڈریشن میں انتساب کا عمل ضروری ہے، صرف کوچز تیار کرنے سے معاملات بہتر نہیں ہوسکتے،پاکستان میں اسکواش کی ایک تاریخ



برطانیہ،اسٹیج پر اچانک گرنے والا باڈی بلڈر انتقال کر گیا

زمین پر گرنے کے بعد فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جانبر نہ ہو سکے،وجہ معلوم نہ ہو سکی، رپورٹ

ویلنگٹن (وائس آف ایشیا)برطانیہ کے شہر ویکفیلڈ سے باڈی بلڈنگ مقابلے کے دوران اسٹیج پر گرنے والے باڈی بلڈر کے انتقال کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ 35 سالہ آل راؤنڈر 2019 کے ایشز سیریز میں یادگار اننگز کھیل کر انگلینڈ کو جارحانہ فتح دلانے کے باعث شہرت رکھتے ہیں۔انہوں نے اسی سال انگلینڈ کی ورلڈ کپ جیت میں بھی اہم کردار ادا کیا تھا۔آئندہ ایشز سیریز نومبر 2027 میں انگلینڈ میں شیڈول ہے جبکہ اسکواش کے تازہ بیان نے ان کی واپسی کی قیاس آرائیوں کو ختم کردیا ہے۔ مقابلے کے دوران اچانک گر پڑا، جس کے بعد اسے اسٹیج سے اٹھا کر باہر لے جایا گیا۔ اس کے بعد اسے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے۔ ان کے انتقال کی وجہ کی تاحال تصدیق نہیں کی جا سکی ہے۔ مقابلے کے منتظمین نے اپنے بیان میں کہا کہ انتظامیہ اپنی دکھ کے ساتھ اطلاع دے رہی ہے کہ ویکفیلڈ کے تھیٹر رائل میں ہونے والے مقابلے کے دوران اسٹیج پر گر پڑنے والے باڈی بلڈر کی موت واقع ہوگئی ہے۔ ان کے خاندان کے افراد اس وقت ہمارے ساتھ موجود ہیں اور ہم ان کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں۔ ہم ان کے لیے دعا گو ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اس وقت مزید کچھ نہیں کہہ سکتے۔ ہم اس وقت ان کی نجی زندگی کا احترام کرتے ہوئے ان کے خاندان کے افراد کو ان کی نجی زندگی کا احترام کرنے کی درخواست کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اس وقت مزید کچھ نہیں کہہ سکتے۔ ہم اس وقت

لاہور افتخار نقشی کی قیادت میں تحصیل نشتر کے نامزد عہدے داروں کی صدر مسلم لیگ لاہور میاں وحید سے مسلم لیگ ہاؤس میں ملاقات

صدر مسلم لیگ تحصیل نشتر افتخار نقشی کا نوٹیفکیشن پہلے ہی جاری ہو چکا تھا



لاہور (نمائندہ خصوصی) تحصیل نشتر لاہور کے نامزد عہدے داروں کی صدر مسلم لیگ لاہور میاں وحید نے مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ صدر مسلم لیگ تحصیل نشتر لاہور افتخار نقشی اور نوٹیفکیشن پہلے ہی جاری ہو چکا تھا، نامزد عہدے داروں میں بیسٹرار ناصر محمود قدیر، ناصر باجوہ، صدر 2 ڈاکٹر نائلہ ہمایوں، نائب صدر 3 محمد حنیف باگڑی، نائب صدر 4 محمد شاہد نذیر، نائب صدر 5 عائشہ افتخار نقشی، جنرل سیکرٹری میاں فہاد احمد، انفارمیشن سیکرٹری شہباز احمد، جوائنٹ سیکرٹری ارباز بھٹہ، پبلسٹی سیکرٹری شہزاد احمد، میڈیا کوآرڈینیٹر شاہنی میواتی، ڈپٹی سیکرٹری محمد حسین، لیگل ایڈوائزر ظفر چودری، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس محمد شاہد ڈیکٹ، ایڈیشنل سیکرٹری ٹریننگ شہزاد احمد، جوائنٹ سیکرٹری ارباز بھٹہ، پبلسٹی سیکرٹری شہزاد احمد، میڈیا کوآرڈینیٹر شاہنی میواتی، ڈپٹی سیکرٹری محمد حسین، لیگل ایڈوائزر ظفر چودری، ایڈیشنل سیکرٹری فنانس محمد شاہد ڈیکٹ، انفارمیشن

خضدار کی غریب خاتون کی گمشدہ رقم کا مسئلہ حل، ڈی آئی ایس پی کا احساس کفالت بحال کردیا

جس سے ایک غریب خاتون کو روزی روٹی اور عزتِ نفس واپس مل گئی ہے، وفاقی محتسب کے اقدام نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے

خضدار (نمائندہ خاص) وفاقی محتسب اداروں کے خلاف شکایات کے لیے قائم ایک ایسا فورم ہے جو عام شہریوں کو بغیر کسی پیچیدہ قانونی کارروائی کے انصاف فراہم کرتا ہے۔ اس کے ذریعے ان افراد کو بھی ریلیف ملتا ہے جو اپنے حقوق کے لیے طویل عدالتی جنگ لڑنے کی سکت نہیں رکھتے۔ خضدار کی ایک غریب خاتون کو درپیش مسئلہ بھی اسی نوعیت کا تھا، جو کہ خضدار کے ایک نجی بینک کی غفلت سے پیدا ہوا تھا۔ اس بینک کی ایک برانچ میں خاتون کے اکاؤنٹ سے 2 لاکھ روپے نکلوا لیے گئے، حالانکہ وہ رقم خاتون کے اکاؤنٹ میں موجود نہیں تھی۔ یہ رقم ان کے بیٹے کی جانب سے بھیجی گئی تھی جو بیرونِ ملک روزگار کے سلسلے میں مقیم ہے۔ خاتون کے مطابق انہیں اس کٹوتی کی کوئی پیشگی اطلاع نہیں دی گئی۔ جب وہ بینک پہنچیں تو انہیں بتایا گیا کہ رقم نکلوا لی گئی ہے۔ اس اچانک نقصان نے ان کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کیا۔ وہ بیوہ ہیں اور اپنے بچوں کی کفالت کے لیے محدود وسائل پر انحصار کرتی ہیں۔ اس رقم کا ان کے لیے بہت بڑا مالی مطلب تھا۔ بینک سے بار بار رابطہ کرنے کے باوجود انہیں کوئی تسلی بخش جواب نہیں ملا۔ مایوس ہو کر انہوں نے وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سے رجوع کیا۔ وہاں ان کی شکایت درج کی گئی اور اس کی تحقیقات کا ذمہ ڈی آئی ایس پی خضدار کو سونپا گیا۔ ڈی آئی ایس پی نے معاملے کو صرف ایک انتظامی کام نہیں سمجھا بلکہ ایک انسانی ذمہ داری کے طور پر لیا۔ انہوں نے بینک حکام سے رابطہ کیا، ریکارڈ کی جانچ کروائی اور متعلقہ افراد سے تفصیلی بات کی۔ تحقیقات کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ رقم واقعی خاتون کے اکاؤنٹ میں موجود نہیں تھی اور بینک کی غلطی تھی۔ اس کے بعد بینک پر دباؤ ڈالا گیا کہ وہ رقم خاتون کو واپس کرے۔ بالآخر بینک نے رقم واپس کر دی۔ جیسے ہی خاتون کو ان کی رقم واپس ملی، ان کے چہرے پر اطمینان صاف دکھائی دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ رقم ان کے لیے صرف پیسے نہیں بلکہ عزت اور سکون کی علامت تھی۔ ان کے مطابق اب وہ کچھ عرصے تک اپنے بیٹے کی بھیجی ہوئی رقم کو ہاتھ نہیں لگائیں گی تاکہ دوبارہ ایسی صورتحال پیدا نہ ہو۔ یہ واقعہ ایک بار پھر ثابت کرتا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عام شہریوں کے لیے کتنا اہم ہے۔ یہ ایسے لوگوں کے لیے امید کی کرن ہے جو طاقتور اداروں کے سامنے بے بس محسوس کرتے ہیں۔ ڈی آئی ایس پی خضدار کی جانب سے اس کیس کو جس سنجیدگی سے لیا گیا، اس نے یہ ثابت کیا کہ اگر افسران اپنی ذمہ داری کو صرف نوکری نہیں بلکہ خدمت سمجھ کر نبھائیں تو کتنے بڑے مسائل چند دنوں میں حل ہو سکتے ہیں۔ اس کیس کا خاموش پیغام یہ بھی ہے کہ ہر شہری کو اپنے حقوق کا علم ہونا چاہیے اور اسے یہ جاننا چاہیے کہ اگر کوئی ادارہ یا فرد اس کے ساتھ زیادتی کرے تو وہ کہاں اور کیسے داد رسی حاصل کر سکتا ہے۔ وفاقی محتسب کا ادارہ ایسے ہی لوگوں کے لیے بنایا گیا ہے جو بغیر کسی وکیل اور بغیر کسی بھاری فیس کے اپنا حق واپس لینا چاہتے ہیں۔ خضدار کی اس خاتون کا کیس اس کی ایک روشن مثال ہے۔

گلوبٹ منڈی میں مردہ پیارا اور لاغر برائلر گوشت کی کھلے عام فروخت جاری ہے

گلوبٹ منڈی میں کھلے عام مردہ اور لاغر برائلر مرغیوں کے گوشت کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے، لیکن انتظامیہ اس بارے میں مکمل طور پر بے خبر نظر آتی ہے

گلوبٹ منڈی (نمائندہ خصوصی) گلوبٹ منڈی میں مردہ، بیمار اور لاغر برائلر مرغیوں کے گوشت کی کھلے عام فروخت مصوصیت گوشت کھانے سے میاں بیوی کی دو کمسن بچیوں سمیت حالت غیر، انتظامیہ یا شہری آنکھیں موندے بیٹھے ہیں بس تحصیلدار کے مطابق گلوبٹ منڈی کے سامنے سے فاضل روڈ اور مٹھل پور چوک میں مویشیوں کا شہر شاہی پر مردہ اور ناقص برائلر مرغیوں کے مصنوعیت گوشت کی فروخت کا سلسلہ سرعام جاری ہے مگر شہری روزمرہ کی بنیاد پر کئی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ یہ گم ہوتے ہیں، ان نظر آتے ہیں، ان کے ساتھ ہونے والے سانحات کی خبریں آئے دن اخبارات کی زینت بنتی ہیں، ان کے خلاف ہونے والی کارروائیوں کی خبریں بھی آتی رہتی ہیں، ان کے خلاف ہونے والے سیمینارز کی خبریں بھی ہم نے پڑھی ہیں، ان کے خلاف ہونے والی ریلیوں کی خبریں بھی ہم نے دیکھی ہیں، ان کے خلاف ہونے والے مظاہروں